© rasailojaraid.com

محمد شفیع صاحب دیوبندی نے جو ہندوپاک کے اکابر علماء میں سے ہیں یہ رسالہ مسلمانوں کو اُن کی اسی غفلت پر متنبہ کرنے کی غرض سے لکھا ہے اور اس بنا پر پہلے پورا واقعہ شہادت از اول تا آخر کامل ابن اثیر سے اخذ کر کے لکھا ہے اور اُس کے بعد اس سے جو نتائج و عبر حاصل ہوتے ہیں اُن پر کلام کیا ہے مسلمانوں کو اس کا ضرور مطالعہ کرنا چاہیئے۔

اسلامی روایات از مولانا محمد حفیظ اللہ صاحب۔ تقطیع خورد ضخامت ۱۲۸ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت عہ پتہ: مسلم اکاڈمی پھلواری شریف پٹنہ۔

تاریخ اسلام ایسے واقعات سے بھری ہوئی ہے جن کو اخلاق و مکارم اور فضائل و شمائل کا سب سے بڑا شاہکار کہا جاسکتا ہے اور یہ ہونا بھی چاہیئے کیوں کہ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بعثت کی غرض انھیں مکارم اخلاق کی تکمیل بیان فرمائی ہے۔ لائق مصنف نے انھیں بے شمار واقعات میں سے چند اہم واقعات یک جا کر کے شائع کر دیئے ہیں جن میں غیر مسلموں کے ساتھ حسن خلق ۔ عفو و درگزر ۔ عدل و انصاف ۔ حق پسندی ۔ مروت ۔ فیاضی اور سخاوت ۔ دلیری اور شجاعت وغیرہ اخلاق کا بہترین مظاہرہ کیا گیا ہے ۔ زبان اور انداز بیان شگفتہ ہے اس کا مطالعہ مسلم اور غیر مسلم دونوں کے لئے مفید ہوگا۔

ادارۂ ادبیات اردو ۱۹۵۵ء میں یہ حیدر آباد دکن کا مشہور ادارہ ہے جس نے اُردو زبان کی علمی ادبی عملی ہر طرح کی بڑی شاندار خدمات انجام دی ہیں اور اب آج کل بھی نامساعد حالات میں وہ اپنا کام برابر کئے جارہا ہے ۱۹۵۵ء کے ماہ جنوری میں اس ادارہ نے اپنی سلور جوبلی بڑی ہمت اور عالی حوصلگی کے ساتھ منائی تھی اور اس کے ساتھ ہی ادارہ کی خود اپنی عمارت کا سنگ بنیاد بھی رکھ دیا گیا ہے ۔ یہ کتابچہ اسی تقریب اور اس سے متعلقہ کارروائیوں کی روداد ہے محمد جلال الدین صاحب مہتمم ادارہ نے اس کو مرتب کیا ہے ۔ تقطیع کلاں ۔ ضخامت ۳۶ صفحات قیمت ۸/ پتہ: ادارۂ ادبیات ۔ خیریت آباد حیدر آباد دکن ۔ جو حضرات ادارہ کے کام اور نام سے واقف ہیں اُن کے لئے اس روداد کا مطالعہ دلچسپی کا باعث ہوگا۔

© rasailojaraid.com